**13.08.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

..............................................................................

☆ وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے عالمی سطح پر اتھل پتھل سے نمٹنے کیلئے خود کفالت کے نظریے کو فروغ دینے پر زور دیا ہے۔

☆ بھارت اور سنگاپور نے نئی دلّی میں وزارتی سطح کی گول میز میٹنگ کے دوران ڈجیٹلائزیشن ، ہنرمندی کے فروغ اور صحت کی دیکھ بھال سمیت چھ اہم شعبوں پر بات چیت کی ہے۔

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو 79 ویں یومِ آزادی کے موقع پر کُل ملک سے خطاب کریں گی۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے کُل جموں و کشمیر، ہماچل پردیش، مشرقی مدھیہ پردیش، وِدربھ خطے اور ساحلی آندھرا پردیش میں بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ یوکرین کے صدر نے امریکہ اور روس کے درمیان سربراہ میٹنگ سے پہلے برلن میں امریکی صدر اور یوروپی رہنماؤں کے ساتھ ورچوئل وسیلے سے بات چیت کی ہے۔

☆ اور بھارتی اولمپک ایسوسی ایشن نے دلّی میں 2030 کے دولتِ مشترکہ کھیلوں کی میزبانی کی بھارت کی بولی کو باضابطہ طور پر منظوری دے دی ہے۔

..............................................................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

## Jaishankar Tourism

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے دنیا کی اتھل پتھل بھری اور غیر یقینی صورتحال سے نمٹنے کیلئے خود انحصاری کی سوچ کو فروغ دینے پر زور دیا ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے مزید کہا کہ آتم نربھرتا، بھارت کی خود اعتمادی کو تقویت دینے، لچک کو بڑھانے اور وکست بھارت کی بنیاد رکھنے کی اساس ہے۔ وزیر خارجہ، آج دلّی میں ٹورزم faith کانکلیو سے

خطاب کر رہے تھے۔

S/B: Jaishankar Atmanirbharta

وزیر خارجہ نے کہا کہ ای- ویزے کے عمل نے بھارت کے دورے کو مزید خوشگوار بنا دیا ہے۔ وزیر خارجہ نے مزید کہا کہ مضبوط گھریلو مانگ والے ممالک نے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے، جو آگے بھی جاری رہے گا۔

S/B: 2100- Jaishankar E-visas

## India - Singapore

بھارت-سنگاپور وزارتی گول میز کانفرنس ISMR کے تیسرے دور کی بات چیت آج نئی دلّی میں ہوئی۔ وزیرِ خزانہ نرملا سیتا رمن نے، اِس کی قیادت کی اور مرکزی وزراء ڈاکٹر ایس جے شنکر، اشونی ویشنو اور پیوش گوئل نے اِس میں شرکت کی۔ سنگاپور کی جانب سے نائب وزیر اعظم Gun Kim Yong اور وزیر خارجہ Josephine Teo نے بھی اِس میٹنگ میں شرکت کی۔

طرفین نے ڈجیٹلائزیشن، ہنرمندی کے فروغ اور صحت کی دیکھ بھال سمیت چھ شعبوں پر بات چیت کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے بھارت-سنگاپور جامع کلیدی ساجھے داری کو مضبوط کرنے کے عہد کے لیے اُن کا شکریہ ادا کیا۔

انہوں نے مزید کہا کہ حکومت اور صنعت کے درمیان تال میل، بھارت - سنگاپور تعلقات کو آئندہ سطح تک پہنچانے کیلئے اہم ہے۔

بھارت - سنگاپور وزارتی گول میز کانفرنس کے دوران وزراء نے گذشتہ برس وزیرِ اعظم نریندر مودی کے سنگاپور کے دورے کے تحت باہمی تعلقات کو جامع کلیدی ساجھیداری تک وسعت دینے کو یاد کیا۔ دونوں ممالک نے ISMR کے تحت چھ شعبوں کی نشاندہی کی، جن میں ڈجیٹلائزیشن، ہنرمندی کا فروغ، پائیداری، صحت کی دیکھ بھال اور ادویات، جدید مینوفیکچرنگ اور کنکٹیویٹی شامل ہیں۔ وزارتی سطح کی گول میز کانفرنس بھارت - سنگاپور اشتراک کیلئے ایک نیا ایجنڈا تشکیل دینے کی خاطر ایک منفرد طریقۂ کار ہے۔ سنگاپور ، بھارت کی مشرقی ملکوں سے رابطہ بڑھانے کی پالیسی، مہا ساگر ویژن اور بھارت - بحرالکاہل نظریے کے تحت ایک کلیدی ساجھیدار ہے۔

دونوں ملکوں کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، دفاع، ثقافت ،تعلیم اور عوام سے عوام کے درمیان رابطوں کے شعبوں میں مضبوط ساجھیداری ہے۔

بعد میں سنگاپور کے وزارتی وفد نے آج راشٹرپتی بھون میں صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کی۔ صدرِ جمہوریہ نے وفد کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ عالمی سطح پر غیریقینی صورتحال کے باوجود بھارت - سنگاپور جامع کلیدی ساجھیداری کو فروغ حاصل ہورہا ہے۔ انہوں نے پہلگام میں دہشت گردانہ حملے کے پیشِ نظر دہشت گردی کے خلاف سنگاپور کے سخت موقف کی ستائش کی۔ x

## PREZ-ADDRESS

79ویں یومِ آزادی کے موقع پر کل صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ملک سے خطاب کریں گی۔ اُن کے خطاب کو شام سات بجے آکاشوانی کے پورے قومی نیٹ ورک اور دور درشن کے سبھی چینلوں پر ہندی میں براہِ راست نشر کیا

جائے گا، جس کے بعد یہ انگریزی میں نشر ہوگا۔ دور درشن پر ہندی اور انگریزی میں خطاب کے نشریہ کے بعد، اسے دور درشن کے علاقائی چینلوں پر علاقائی زبانوں میں نشر کیا جائے گا۔ آکاشوانی اپنے متعلقہ علاقائی نیٹ ورک پر رات ساڑھے نو بجے اسے علاقائی زبان میں نشر کرے گا۔x

## PM - Independence Day

ملک 15 اگست کو اپنا 79 واں یومِ آزادی منائے گا اور وزیرِ اعظم نریندر مودی دلّی کے تاریخی لال قلعہ پر تقریبات کی قیادت کریں گے۔ وزیرِ اعظم قومی پرچم پہرائیں گے اور لال قلعہ کی فصیل سے ملک سے خطاب کریں گے۔ ملک ، حکومت کے 2047 تک وِکست بھارت کے نظریے کی جانب گامزن ہے، لہٰذا اِس سال کی تقریبات کا موضوع ''نیا بھارت'' ہے۔ یہ تقریبات ایک خوشحال، محفوظ اور بیباک ابھرتے ہوئے نئے بھارت کی عکاسی کریں گی اور ترقی کی راہ پر مزید آگے بڑھنے کیلئے ایک نئی توانائی فراہم کریں گی۔ اِس سال یومِ آزادی کی تقریبات میں آپریشن سندور کی کامیابی کا جشن منایا جائے گا۔ دعوت ناموں پر آپریشن سندور کے Logo کے ساتھ ساتھ چناب پُل کا Water Mark ہوگا۔

اِس سال لال قلعہ پر تقریبات کیلئے زندگی کے مختلف شعبوں سے وابستہ تقریباً پانچ ہزار خصوصی مہمانوں کو مدعو کیا گیا ہے۔ اِن میں اسپیشل اولمپک 2025 کا بھارتی دستہ ، بین الاقوامی کھیل مقابلوں کے فاتحین اور کھیلو انڈیا پیرا گیمس کے گولڈ میڈلسٹ شامل ہیں۔ شہریوں کے درمیان حب الوطنی کے جذبے کو فروغ دینے اور آپریشن سندور کی کامیابی کا جشن منانے کیلئے یومِ آزادی کی تقریبات کی شام میں پہلی مرتبہ ملک بھر میں کئی بینڈ پرفارمنس ہوں گی۔ ملک بھر کے 140 سے زیادہ سرکردہ مقامات پر فوج، بحریہ، فضائیہ، بھارتی ساحلی گارڈ، NCC، CRPF، ITBP، CISF، SSB، BSF، IDS، RPF اور آسام رائفل کے بینڈ دُھنیں پیش کریں گے۔ x

## President Amrit Udyan

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو کل راشٹرپتی بھون کے اَمرت اُدیان کا افتتاح کریں گی۔ اَمرت اُدیان ہفتے کے روز صبح 10 بجے سے شام چھ بجے تک عام لوگوں کیلئے 14 ستمبر تک کھلا رہے گا۔ کھیلوں کے قومی دن کے موقع پر 29 اگست کو کھلاڑیوں اور یومِ اساتذہ کیلئے 5 ستمبر کو اساتذہ کو اَمرت اُدیان میں خصوصی طور پر داخلہ دیا جائے گا۔ اَمرت اُدیان کا باغ کئی خصوصیات سے سجا ہوگا، جن میں بال واٹیکا، ہربل گارڈن، بونسائی گارڈن، سینٹرل لان، Long گارڈن اور سرکُلر گارڈن شامل ہیں۔ اَمرت اُدیان میں داخلہ مفت رہے گا اور یہ ہر پیر کے روز دیکھ بھال کیلئے بند رہے گا۔ x

## PREZ RAJASTHAN ACCIDENT

آج راجستھان کے دوسہ ضلع میں ایک حادثے میں دس افراد ہلاک ہو گئے اور 11 دیگر زخمی ہوئے ہیں۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے حادثے میں انسانی جانوں کے اتلاف پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ جناب مودی نے، وزیر اعظم کے قومی امدادی فنڈ سے مہلوکین کے ہر کنبے کو دو - دو لاکھ روپے کی نقد امداد کا اعلان کیا ہے۔ زخمیوں کو 50- 50 ہزار روپے دیے جائیں گے۔x

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے کل جموں و کشمیر، ہماچل پردیش، مشرقی مدھیہ پردیش، وِدربھ خطے اور ساحلی آندھرا پردیش میں بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اس نے بتایا ہے کہ آئندہ پانچ روز کے دوران اتراکھنڈ میں بھی شدید بارش کا امکان ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ ہفتے کے روز تک پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور اترپردیش میں بھی شدید بارش ہوسکتی ہے۔ x

## Rev. Zelenskyy Germany

یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلینسکی اور یوروپی رہنماؤں نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی روس کے صدر ولادیمیر پوتن کے ساتھ مجوزہ ملاقات سے پہلے اُن سے ویڈیو لِنک کے ذریعے بات چیت کی ہے۔ یوروپی رہنماؤں نے کہا کہ ٹرمپ، یوکرین پر اُن کی پوزیشن سے متفق ہوگئے ہیں۔ جرمنی کے چانسلر فریڈرِش مَرض نے صحافیوں کو بتایا کہ ٹرمپ، اِس معاملے پر یوروپ کی پوزیشن سے واقف ہیں۔ فرانس کے صدر ایمونل میکرون نے امید ظاہر کی کہ ٹرمپ، پوتن اور زیلینسکی، دونوں کے ساتھ سہ رخی بات چیت کیلئے بھر پور کوشش کر رہے ہیں، جس پر یوکرین طویل عرصے سے زور دیتا رہا ہے۔ x

## CEA - Tarrifs

چیف اقتصادی مشیر V. Anantha Nageswaran نے آج کہا ہے کہ بھارتی برآمدات پر حالیہ امریکی محصولات کا اثر مختصر ہوگا اور ایک یا دو سہ ماہی میں اِس میں نرمی آجائے گی۔ ممبئی میں خطاب کرتے ہوئے، جناب Nageswaran نے کہا کہ قیمتی پتھروں اور زیورات ، جھینگا اور ٹیکسٹائل جیسے شعبے، اِس سے ابتدائی طور پر متاثر ہورہے ہیں لیکن معیشت پر اس کا طویل مدتی اثر محدود ہوگا۔ صبر و تحمل پر زور دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت صورتحال سے واقف ہے اور اس نے متاثرہ شعبوں کے ساتھ پہلے ہی بات چیت شروع کردی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِس ماہ بعد میں اَلاسکا میں امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ اور روسی صدر ولادیمیر پوتن کے درمیان آئندہ میٹنگ کا جاری بھارت - امریکی تجارتی طریقۂ کار پر بھی اثر ہوگا۔

انہوں نے نجی شعبے پر زور دیا کہ وہ طویل مدتی اہم مقاصد، سپلائی چین کی پائیداری پر توجہ مرکوز کرے اور اِس بات کی یقین دہانی کرائی کہ سرکاری پالیسی اِس میں مدد فراہم کرے گی۔ x

## E3 Iran

فرانس، جرمنی اور برطانیہ پر مشتمل E-3 ملکوں نے ایران کو ایک بار پھر دھمکی دی ہے کہ اگر وہ بات چیت کے راستے پر نہیں آتا تو اُس پر اقوام متحدہ کی پابندیاں دوبارہ نافذ کر دی جائیں گی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گُتریس اور سلامتی کونسل کو لکھے خط میں E-3 وزراء خارجہ نے ایران پر بین الاقوامی پابندیاں دوبارہ عائد کرنے کے انتباہ کو دوہرایا ہے۔ انہوں نے خبر دار کیا ہے کہ اگر ایران، بات چیت کی بحالی یا مدتِ کار میں توسیع کا مطالبہ نہیں کرتا تو اُس پر سال 2015 کے مشترکہ جامع ایکشن پلان کے تحت پابندیاں عائد کی جاسکتی ہیں۔ اِس خط پر فرانس کے وزیر خارجہ Jean-Noel Barrot، جرمنی کے وزیر خارجہ Johann Wadephul اور برطانیہ کے وزیر خارجہ ڈیوڈ لیمی کے دستخط ہیں۔

یہ خط اسرائیل اور ایران کے درمیان ہوئی بارہ روزہ جنگ کے دو مہینے بعد لکھا گیا ہے۔ اقوام متحدہ میں

ایران کے مشن نے اِس پر ردّعمل ظاہر کرنے کی درخواست پر کوئی فوری تبصرہ نہیں کیا ہے۔

دوسری جانب ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اِن دھمکیوں کو خارج کرتے ہوئے کہا ہے کہ E-3 ممالک، اِن پابندیوں کو دوبارہ نافذ کرنے کے نہ تو مجاز ہیں اور نہ ہی وہ اِس کی اہلیت رکھتے ہیں۔ x

**IOA CWG**

بھارتی اولمپک ایسوسی ایشن IOA نے آج دلّی میں اپنی خصوصی جنرل میٹنگ کے دوران سال 2030 کے دولت مشترکہ کھیلوں کی میزبانی کیلئے بھارت کی دعویداری کو باضابطہ طور پر منظوری دے دی ہے۔ بھارت، اب 31 اگست کی آخری مدت سے پہلے اپنی دعویداری پر مبنی تجویز داخل کرے گا۔ سال 2030 میں نئی دلّی کی میزبانی میں منعقدہ دولت مشترکہ کھیلوں کے 20 سال مکمل ہو رہے ہیں۔ یہ پہلا اور واحد موقع تھا جب بھارت نے اِن کھیلوں کی میزبانی کی تھی۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے IOA کی صدر پی ٹی اُوشا نے بھارت کی دعویداری کو منظوری ملنے پر مسرت کا اظہار کیا۔

S/B: 211- FF- P T Usha-IOA

**Gulveer Record**

بھارت کے گُل ویر سنگھ نے مردوں کی تین ہزار میٹر دوڑ کے غیراولمپک مقابلے میں اپنا ہی قومی ریکارڈ توڑ دیا ہے۔ بڈاپیسٹ میں منعقدہ Gyulai Istvan Memorial -Hungarian Athletics گراں پری میں وہ پانچویں نمبر پر رہے۔ گُل ویر نے 7 منٹ 34 سیکنڈ اور 49 ملی سیکنڈ کی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے، اپنا ہی پچھلا قومی ریکارڈ توڑ دیا۔

اِس سے پہلے فروری میں گُل ویر نے بوسٹن یونیورسٹی David Hemery Valentine Invitational Meet میں سات منٹ 38 سیکنڈ اور 26 ملی سیکنڈ کا قومی ریکارڈ بنایا تھا۔ x

☆☆☆☆